# انسانی اسمگلنگ، استحصال یا کام کی جگہ پر کسی حادثے کے متاثرین

## میں معاوضے کی درخواست کیسے کرسکتا ہوں ؟



.be

FEDERAL PUBLIC SERVICE
JUSTICE

## فہرست مضامین

### انسانی اسمگلنگ کے متاثرین:

**معاوضے کی درخواست کرنے کا طریقہ کار کیا ہے؟..... 4**
کون سی خدمات میری مدد کر سکتی ہیں؟.................... 4
معاوضے کی درخواست کرنے کا طریقہ کار کیا ہے ....... 5
مجھے کون سے اقدامات اٹھانے چاہیے....................... 6
وہ حکام جو میری مدد کر سکتے ہیں .......................... 8

**استحصال کے متاثرین: تنخواہوں کے بقایا جات اور دیگر سماجی حقوق کی وصولی........................... 11**

**کام کی جگہ پر کسی حادثے کے شکار: بیان دینے کا طریقہ کار کیا ہے ......................................... 14**

**رابطہ........................................................... 15**

**کیا آپ انسانی اسمگلنگ، استحصال** یا **کام کی جگہ پر حادثے کے شکار ہیں ؟**

آپ اپنے نقصان کے معاوضے کا دعویٰ کرنے **علاج کے اپنے بقایا جات کی وصولی** کرنے، یا کام پر کسی حادثے کا **اعلان** کرنے کے لیے **چند** اقدامات اٹھا سکتے ہیں۔ آپ کو یہ اکیلے کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ایسی کئی تنظیمیں ہیں جو اس میں آپ کی مدد کریں گی۔

اس بروشر میں، آپ یہ جانیں گے کہ کون سی مخصوص **امدادی تنظیمیں** ایک **متاثر** کے طور پر آپ کی مدد کر سکتی ہیں۔

**توجہ دیں: یاد** رکھیں کہ **آپ کے پاس ہمیشہ اس بات کا اختیار موجود ہوتا ہے** کہ آپ نے ایک متاثر کے طور پر کونسے اقدامات اٹھائے ہیں اور **یہ کہ تمام کارروائیوں کے کچھ فوائد اور نقصانات ہوتے ہیں۔** اس بات کی کوئی **گارنٹی** نہیں ہے کہ آپ کو مطلوبہ نتائج حاصل ہوں گے۔



# انسانی اسمگلنگ کے متاثرین: معاوضے کی درخواست کرنے کا طریقہ کار کیا ہے؟

## کون سی خدمات میری مدد کر سکتی ہیں؟

اگر آپ **انسانی اسمگلنگ کے متاثر ہیں، تو PAG-ASA، PAYOKE یا SURYA** جیسے خصوصی مرکز آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔ یہ مراکز نفسیاتی، طبی اور قانونی و انتظامی مدد فراہم کرتے ہیں، نیز ایک متاثر کے طور پر آپ کے حقوق **کے ضمن میں آپ کو مطلع کرتے ہیں** اور اس بات کی وضاحت کرتے ہیں کہ آپ **اپنے نقصان کے بدلے معاوضے کا دعویٰ** یا کسی **وکیل** سے مدد کی درخواست کیسے کر سکتے ہیں۔

اس معاونت سے فائدہ اٹھانے کے لیے، آپ کو متعدد **قانونی تقاضوں** پر پورا اترنا ہوگا (جس میں شکایت درج کرنے یا بیان دینے کے لیے تیار ہونا، مجرم کے ساتھ رابطہ کرنا وغیرہ شامل ہے) ۔

ان شرائط کے **بارے** میں مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے PAYOKE، PAG - ASA یا SURYA کی ویب سائٹس ملاحظہ کریں۔

**آپ درج ذیل صورتوں میں معاونت سے فائدہ نہیں اٹھا سکتے:**

- اگر آپ قانون کی جانب سے مقرر کردہ شرائط کو پورا کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں؛
- اگر آپ اپنے آبائی ملک واپس **چلے گئے ہیں؛**
- انسانی اسمگلنگ **کی کوئی صورت موجود نہیں ہے۔**

ان صورتوں میں بھی جملہ مراکز آپ کو مطلع کر **سکتے ہیں** اور آپ سے **رابطہ** کر سکتے ہیں:

- قانونی **امداد کا دفتر (BAJ)**، **ایک مفت** وکیل حاصل **کرنے کے لیے؛**
- وفاقی **ایجنسی برائے پیشہ ورانہ خطرات (FEDRIS)**، کام کی جگہ پر **کسی حادثے کی رپورٹ کرنے کے لیے؛**



- **FAIRWORK بیلجیم** اپنے روزگار کے حقوق کے بارے میں سوالات کے لیے (اگر آپ بیلجیم میں غیر قانونی طور پر رہتے ہوئے کام کرتے ہیں یا آپ رہائش کے محدود حق سے مستفید ہو رہے ہیں)۔

## معاوضے کی درخواست کرنے کا طریقہ کار کیا ہے

انسانی اسمگلنگ **کے متاثر کے طور پر**، آپ درج ذیل کارروائیوں کے ذریعہ اپنے نقصانات کی تلافی کا دعویٰ کر سکتے ہیں:

- **مجرم کے خلاف** مجرمانہ کارروائی کی درخواست کرکے (پولیس یا سماجی انسپکٹر کے پاس شکایت درج ہونے کے بعد اور اگر اس کی بنیاد پر مجرم پر مقدمہ چلایا جاتا ہے)؛
- **سول کارروائی** (مجرمانہ کارروائی کے بعد ہی ممکن ہے)؛
- **ایک خصوصی فنڈ** (ارادی تشدد کے متاثرین کے لیے مالی امداد کا کمیشن)۔





## مجھے کون سے اقدامات اٹھانے چاہیے

اس خاکہ میں آپ کو اس طریقہ کار کا ایک جائزہ فراہم کیا گیا ہے **جو آپ مجرم کے خلاف مجرمانہ کارروائی** کرنے کے لیے اپنا سکتے ہیں:

**01** شکایت یا اعلامیہ جمع کرانا

**02** مجرمانہ تحقیقات کا آغاز

**03** عدالت کا حتمی فیصلہ: مجرم کو سزا دینا اور نقصان کے بدلے معاوضہ جاری کرنا

**04** معاوضے کی اصل ادائیگی حاصل کرنے کے لیے اقدامات

### 1. شکایت درج کروائیں یا اپنا بیان جمع کروائیں

کوئی بھی (مجرمانہ) تحقیقات شروع کرنے کے لیے، آپ کو سب سے پہلے **پولیس** یا **سماجی** انسپکٹوریٹ کے پاس **ایک بیان جمع کروانا ہوگا یا شکایت درج کرانی ہوگی**۔

**توجہ دیں: اگر آپ ایک متاثر شخص کا اعلامیہ جمع کراتے ہیں** تو پھر اس صورت میں آپ اپنی شکایت کی پیشرفت کو ٹریک کر سکتے ہیں۔ آپ سماعت کے دوران متاثر شخص والا یہ اعلامیہ پولیس یا سوشل انسپکشن سروس کے پاس جمع کروا سکتے ہیں لیکن آپ اسے بعد میں خود بھی فائل کر سکتے ہیں یا اس پر دستخط کرکے اسے پبلک پراسیکیوٹر کے دفتر کے سیکرٹریٹ کو بھیج سکتے ہیں، **یا اپنے وکیل سے اس ضمن میں مدد طلب کر سکتے ہیں۔**

کیا آپ پولیس یا انسپکٹر کے پاس اپنی شکایت یا اعلامیہ خود جمع کرا رہے؟ تو پھر **وکٹم سپورٹ سروس سنٹرم (Service d’Aide aux Victimes) یا الجیمن ویلزجنزورک Algemeen Welzijnswerk (CAW)** آپ کی مدد کر سکتا ہے اور آپ کو انتظامی اور جذباتی مدد فراہم کرسکتا۔

**2. نقصان کے بدلے معاوضہ طلب کرنا**

شکایت یا اعلامیہ درج کرانے کے بعد، پبلک پراسیکیوٹر کا دفتر یہ فیصلہ کرتا ہے کہ آیا آپ کے کیس کو **عدالت** میں لانے کے لیے کافی **ثبوت** موجود ہیں یا نہیں۔

- اگر ایسا ہے تو، آپ جج سے اپنے نقصان کے بدلے معاوضے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

**اگر ایسا ہے تو،** آپ **جج** سے **اپنے نقصان کے بدلے معاوضے** کی **درخواست کر سکتے ہیں۔**

**توجہ دیں:** کیا آپ کسی مجرم کی سزا **کے بعد معاوضہ طلب کرنا چاہتے ہیں ؟** تو یہ ایک **سول کارروائی** کے ذریعہ ممکن ہے۔

## وہ حکام جو میری مدد کر سکتے ہیں

مجرمانہ یا سول کارروائیوں کے سلسلے میں، آپ درج ذیل ذرائع سے مدد طلب کر سکتے ہیں:

- **فرنٹ لائن قانونی امداد :**
اگر آپ معاوضہ حاصل کرنا چاہتے ہیں تو یہ مفت اور **مناسب ابتدائی قانونی مشورہ** اور عملی معلومات فراہم کرتا ہے اور دیگر خدمات کی جانب آپ کی رہنمائی کرتا ہے اور آسان قانونی سوالات کے جوابات دیتا ہے۔
- **ایک وکیل :**
آپ کو کسی وکیل سے رابطہ کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے کیونکہ اگر آپ معاوضہ حاصل کرنا چاہتے ہیں تو وہ آپ کو **تفصیلی اور مناسب رائے** دے سکتا ہے۔ خاص طور پر آپ کی آمدنی کو مدّنظر رکھتے ہوئے **سیکنڈ لائن لیگل ایڈ** L’aide juridique de deuxième ligne (BAJ) ایک **مفت یا کم فیس میں وکیل کی خدمات** فراہم کر سکتا ہے۔





- **ارادی تشدد کے متاثرین کے لیے مالی امداد کا کمیشن:** یہ تنظیم درج ذیل صورتوں میں **مالی امداد** فراہم کرتی ہے:
  - آپ بیلجیم میں رونما ہونے والے **کسی ارادی تشدد** کے **متاثر ہیں،**
  - اس پُر تشدد کارروائی **کے نتیجے میں آپ کو کافی جسمانی یا نفسیاتی نقصان پہنچا ہے،**
  - اور یہ کہ **اس نقصان کا معاوضہ حاصل کرنے کے** دیگر تمام طریقے **ناکام رہے ہیں۔**

**توجہ دیں :** اگر آپ بیلجیم چھوڑ کر جا چکے ہیں لیکن آپ کے پاس بیلجیم میں اب بھی **ایک پوسٹل ایڈریس ہے** تو آپ کمیشن کے پاس بھی درخواست جمع کرا سکتے ہیں






# استحصال کے متاثرین: تنخواہوں کے بقایا جات اور دیگر سماجی حقوق کی وصولی

اگر آپ **استحصال کے** شکار ہوئے ہیں تو، **آپ اپنی تنخواہ کے بقایا جات اور دیگر سماجی حقوق (مثلاً چھٹیوں کی تنخواہ یا سال کے آخر کا بونس) کی وصولی** کے لیے کوشش کر سکتے ہیں۔

اپنی تنخواہ کے بقایا جات کی وصولی کا تیز ترین طریقہ یہ ہے کہ آپ اپنے آجر **کے ساتھ اس ضمن میں ایک معاہدہ کریں**۔ اس سلسلے میں، آپ درج ذیل ذرائع سے مدد طلب کر سکتے ہیں:

- اُس **تجارتی یونین** سے جس سے آپ وابستہ ہیں؛
- ایک **وکیل سے**؛
- **FAIRWORK بیلجیم سے**۔

## کیا اپنے آجر کے ساتھ کسی معاہدے پر متفق نہیں ہو پا رہے ہیں؟

تو پھر اس صورت میں آپ اپنی تنخواہ کے بقایا جات یا دیگر سماجی حقوق کی وصولی کے لیے درج ذیل ذرائع سے کوشش کر سکتے ہیں:

- کنٹرول آف **سوشل لاز سروس (CLS) کے پاس ایک اعلامیہ جمع کروانے کے ذریعہ**؛
- یا لیبر کورٹ **میں کارروائی شروع کروانے کے ذریعہ**۔ اس صورت میں، یہ ایک وکیل کی مدد طلب کرنے کی سفارش کی جاتی ہے۔

آپ کی جانب سے فراہم کردہ ثبوتوں کی بنیاد پر، CLS سروس آپ کے آجر کو آپ کی تنخواہ کا بقایا ادا کرنے پر قائل کرنے کی کوشش کر سکتا ہے۔

## کیا CLS سروس آپ کے آجر کو قائل کرنے میں ناکام رہی ہے؟

اس صورت میں، CLS سروس آپ کا کیس **لیبر آڈیٹر کے پاس بھیج سکتا ہے**۔ پاس کے بعد لیبر آڈیٹر آپ کے آجر کے خلاف مقدمہ **چلانے** کا فیصلہ کر سکتا ہے۔ اس صورت میں، آپ کے آجر کی جانب سے آپ کی تنخواہ کی بقایا رقم کی واپسی ممکن ہے، اگرچہ آپ پہلے ہی اپنے آبائی ملک واپس جا چکے ہوں۔

**توجہ دیں:** ایسا کرنے کے لیے، آپ کو ایک **متاثر شخص والا اعلامیہ جمع کرانا ہوگا۔**

**اگر فوری طور پر رقم کی واپسی نہیں** کی جاتی ہے (مثال کے طور پر کیونکہ معلومات موجود نہیں ہیں) تو، واجب الادا رقم **Caisse des Dépôts et Consignations کو ادا کی جائے گی۔** اس صورت میں، رقم کا دعوی کرنے کے لیے ان سے رابطہ کریں (دیکھیں "رابطہ")۔

## مندرجہ ذیل چیزوں کو مدّنظر رکھیں:

- اگر جج نقصان کے بدلے معاوضے کے لیے آپ کی درخواست قبول کر لیتا ہے، تو آپ **کسی بھی ایسی رقم سے** اس معاوضے کی وصولی کی کوشش کر سکتے ہیں جو اُس مجرم سے ضبط اور برآمد کی گئی ہو جس نے آپ کے پیسے دینے ہیں۔ آپ کا وکیل مرکزی ضبط اور ضبطی باڈی (OCSC) سے مختص کردہ رقوم جاری کرنے کا مطالبہ کر سکتا ہے ۔
- اگر مجرم کے پاس **کافی مالی وسائل** موجود نہیں ہیں تو **معاوضے کی کوئی گارنٹی نہیں ہے۔**
- اگر آپ **ایک مفت وکیل کے لیے** اہل نہیں ہیں **تو آپ اپنے وکیل** کے لیے خود ادائیگی کریں گے۔
- اگر آپ کا آجر دیوالیہ ہو جاتا ہے تو، **آپ کو متعلقہ محکمہ (دیوالیہ ٹرسٹی) کے پاس بر وقت دعوی دائر کرنا ہوگا** ۔ آپ regsol کے ذریعہ بھی اسے آن لائن جمع کرا سکتے ہیں: www.regsol.be.
- اس کی کارروائی طویل ہوسکتی ہے۔

**توجہ دیں:** اگر آپ اب مزید بیلجیم میں نہیں رہتے ہیں تو، اپنے وکیل، خصوصی مرکز یا دیگر کسی ایسی خدمت سے رابطہ کریں جس نے بیلجیم میں آپ کے کیس کے دوران آپ کی مدد کی تھی۔





# کام کی جگہ پر کسی حادثے کے شکار: بیان دینے کا طریقہ کار کیا ہے

اگر آپ کام کی جگہ پر کسی حادثے کے شکار ہیں تو، آپ اپنے آجر کے کام کی جگہ پر حادثے والے انشورنس **کو اس کی رپورٹ کرسکتے ہیں۔**
اگر ملازم کے پاس کام کی جگہ پر حادثے **والا انشورنس نہیں ہے تو**، درج ذیل سے رابطہ کریں:

- آپ کی **یونین؛**
- **FAIRWORK بیلجیم؛**
- یا کوئی **وکیل۔**

ان اداروں میں سے کسی ایک کے ذریعہ، آپ وفاقی ایجنسی برائے پیشہ ورانہ **خطرات (FEDRIS) کے پاس اپنا اعلامیہ جمع کروا سکتے** ہیں۔

**توجہ دیں:** آپ کو کام کی جگہ پر حادثے کے بعد تین **سال کے اندر** اپنی رپورٹ جمع کرانی ہوگی۔

کام کی جگہ پر آپ کے حادثے کی شدت اور اس حادثے میں آپ کے آجر کی ذمہ داری کو مدنظر رکھتے ہوئے، یہ ممکن ہے کہ پبلک پراسیکیوٹر کا دفتر یا لیبر آڈیٹر**تحقیقات** شروع کرے۔ اگر کام کی جگہ پر حادثے کو تسلیم کر لیا جاتا ہے تو، کام **کی جگہ پر حادثے والے انشورنس یا FEDRIS کو درج ذیل کے لیے مداخلت** کرنی چاہیے:

- طبی اخراجات،
- کام کرنے کے لیے مستقل یا عارضی معذوری۔





## رابطہ

- **انسانی اسمگلنگ کے متاثرین کے لیے خصوصی مراکز**

  - **PAYOKE** (فلینڈرز)
    T 03 201 16 90
    E admin@payoke.be
    www.payoke.be

  - **PAG-ASA** (برسلز)
    T 02 511 64 64
    E info@pag-asa.be
    www.pag-asa.be

  - **SÜRYA** (والونیا)
    T 04 232 40 30
    E info@asblsurya.be
    www.asblsurya.org/fr/contact

- **وفاقی ایجنسی برائے پیشہ ورانہ خطرات (FEDRIS)**
  www.fedris.be/fr/contact

- **FAIRWORK بیلجیم**
  T 0800 12019 (پیر اور بدھ صبح 9 بجے سے دوپہر 1 بجے تک اور جمعرات دوپہر 1 بجے سے شام 4 بجے تک)
  E info@fairworkbelgium.be
  www.fairworkbelgium.be/fr



**قانونی امداد کا دفتر (BAJ)**
(اٹارنی پرو ڈِیو)

**والونیا**
- www.avocats.be/fr > قانونی امداد کا کمیشن

**برسلز**
- FR www.bajbruxelles.be/index.php/fr
T 02 511 50 45
E bjb@baliebrussel.be
- NL www.baliebrussel.be

**Flanders**
- www.vlaanderen.be > Conflicten en misdrijven > Commissies voor juridische bijstand
- www.prodeoadvocaat.vlaanderen > Contact > Bureau juridische bijstand



**Service Aide aux Victimes (متاثرین کی مدد کی خدمات)**
www.victimes.cfwb.be/ou-trouver-aide

**Centrum Algemeen Welzijnswerk (CAW)**
www.caw.be

**Caisse des Dépôts et Consignations**
T 02 572 57 57
E info.cdcdck@minfin.fed.be
www.finances.belgium.be/fr > FAQ > Caisse des Dépôts et Consignations : généralités > 'Quelle est la meilleure manière de contacter la Caisse des Dépôts et Consignations ?'

**Contrôle des lois sociales (CLS) (سماجی قوانین کا کنٹرول)**
T 02 235 55 55
E (fr) info.cls@emploi.belgique.be
E (nl) info.tsw@werk.belgie.be
E (de) info.cls@beschaeftigung.belgien.be
T (fr/de) 02 235 55 60

https://emploi.belgique.be/fr > A propos du SPF > Structure du SPF > Inspection du travail - Direction générale Contrôle des lois sociales > Directions externes

## کیا آپ کے اب بھی کوئی سوالات ہیں؟ آپ ان بروشرز اور ویب پیجز میں مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں

- بروشر 'Vous êtes victime' (آپ متاثر ہیں)
https://justice.belgium.be/fr > Publications > Brochures pour le citoyen > Vous êtes victime.

- ویب پیج 'Que faire comme victime' (متاثر ہونے کی صورت میں کیا کرنا چاہیے)
https://justice.belgium.be/fr > Thèmes et dossiers > Que faire comme > Victime.

- بروشر 'Vos droits en tant que victime d'infractions' (جرم سے متاثر ہونے کے لحاظ سے آپ کے حقوق)
https://www.tribunaux-rechtbanken.be/fr > Info utiles > Brochures > Vos droits en tant que victime d'une infraction.

- ویب پیج 'Informations sur le déroulement de la procédure en tant que victime' (ایک متاثرین کے طور پر کارروائی کے جملہ طریقہ کاروں کے بارے میں معلومات)
https://justice.belgium.be/fr > Thèmes et dossiers > Que faire comme > Victime > Procédure > Déroulement de la procédure.

- ویب پیج 'Informations pour les victimes d'actes intentionnels de violence' (ارادی تشدد کے متاثرین کے لیے معلومات)
https://justice.belgium.be/fr > Thèmes et dossiers > Que faire comme > Victime > Aide financière > Victimes d'actes intentionnels de violence.





RESPONSIBLE PUBLISHER: JEAN-PAUL JANSSENS BD DE WATERLOO 115 - 1000 BRUSSELS - D/2022/7951/EN/1281

مواصلاتی اور معلوماتی خدمات
Boulevard de Waterloo 115
1000 برسلز
ٹیلیفون 02 542 65 11
www.justice.belgium.be